# آپ کی تپ دق (ٹی بی) کی ادویات کے بارے میں



- متلی (بیمار محسوس کرنا) ٹی بی کی اکثر ادویات کے لیے عام ضمنی اثرات ہے۔ تاہم، اگر آپ کو واقعی قے ہورہی ہے (جسمانی طور پر بیمار ہونا)، تو آپ کی دوا آپ کے جسم میں اچھی طرح جذب نہیں ہوسکتی ہے۔ اگر آپ کو قے ہورہی ہے یا آپ کے پیٹ میں گڑبڑی ہے، تو براہ کرم اپنی ٹی بی نرس یاڈاکٹر کو حتی الامکان جلد از جلد ضرور جانکاری دیں۔
- جلدی چکتے یا کھجلی ہوسکتی ہے، لیکن وہ خود بخود ختم ہوجاتے ہیں۔ بہت شاذ طور پر جلد، اور ممکنہ طور پر ہونٹ اور منہ کا اندرونی حصہ، سرخ ہوسکتے ہیں اور ان کا چھلکا اتر سکتا ہے۔ اگرآپ کو اس کا مشاہدہ ہو تو، براہ کرم اپنی ٹی بی کی ادویات لینی بند کریں اور فورا اپنے ڈاکٹر یانرس سے رابطہ کریں۔

## مرکب ادویات

**ووریکٹو**

ووریکٹو ایک ٹیبلٹ میں ٹی بی کی چار ادویات (ریفام پائسین، آئسونیازائڈ، پائرازیناماٹڈ، ایتھمبوٹول) کا مرکب ہے۔

**ریفاٹیر**

ریفاٹیر ایک ٹیبلٹ میں ٹی بی کی تین ادویات (ریفام پائسین، آئسونیازائڈاور پائرازیناماٹڈ) کا مرکب ہے۔

**ریفیناہ**

ریفیناہ ایک ٹیبلٹ میں ٹی بی کی دو ادویات (ریفام پائسین اور آئسونیازائڈ) کا مرکب ہے۔

## مدد کے لیے میں کہاں جاسکتا ہوں؟

اگر آپ ٹی بی سے متاثر ہیں، تو مدد دستیاب ہے لہٰذا آپ تنہا محسوس نہ کریں۔

آپ کی ٹی بی کے علاج کے دوران آپ کی مدد کرنے کے لیے آپ کی ٹی بی نرس موجود رہتی ہے۔ اپنی تمام مقررہ ملاقاتوں پر ضرور تشریف لائیں اور اگر آپ کو اپنی ٹیبلٹ لینے میں کوئی پریشانی ہورہی ہے، تو نگہداشت صحت کے پیشہ وروں کو اس کی جانکاری دیں۔

آپ کو کسی ایسے شخص سے بات کرنے سے بھی فائدہ ہوسکتا ہے جسے خود بھی ٹی بی ہوئی تھی اور اب وہ بہتر ہے۔ یوکے کی قومی تپ دق کی چیرٹی، ٹی بی الرٹ، ٹی بی ایکشن گروپ (TB Action Group) کے کسی رکن سے آپ کی ملاقات کراسکتی ہے جسے آپ سے بات کرکے خوشی ہوگی اور وہ آپ کے علاج میں آپ کی مدد کرے گا۔

تپ دق اور اس کے علاج کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، کلینک کے عملہ سے درخواست کریں کہ کیا وہ آپ کو تپ دق (ٹی بی) کا علاج (Tuberculosis (TB) Treatment) نامی دوسرا ٹی بی الرٹ کا کتابچہ دے سکتے ہیں۔

یاد رکھیں: آپ کے مکمل علاج کے دوران آپ کی مدد کرنے اور آپ کو مشورہ دینے کے لیے آپ کی ٹی بی نرس موجود رہتی ہے۔ اگر آپ اپنے علاج پر تندرست محسوس نہ کریں یا آپ اپنی ٹی بی کی ادویات کے متعلق کسی چیز سے پریقین نہیں ہیں تو، براہ کرم اپنی ٹی بی نرس سے رابطہ کریں۔

آپ کی ٹی بی نرس ہے:

آپ کے ہسپتال کا ڈاکٹر ہے:

ٹیلیفون:

ای میل:

TB Alert, Community Base, 113 Queens Road,
Brighton, BN1 3XG
ٹیلیفون: 01273 234029 **www.tbalert.org**

ٹی بی کے بارے میں مزید معلومات اور بیماری سے متعلق لوگوں کے حقیقی تجربہ کے بارے میں پڑھنے کے لیے، براہ کرم www.thetruthaboutt**b**.org پر ٹی بی کے بارے میں سچائی (*The Truth About TB*) ملاحظہ کریں۔

اگر ٹی بی کے متعلق آپ کے پاس کوئی سوال ہے، یا آپ ٹی بی ایکشن گروپ (TBAG) کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو براہ کرم 01273 234770 پر کال کریں۔

ٹی بی الرٹ یوکے کی قومی تپ دق کی چیرٹی ہے۔ ہمارے پروجیکٹ یوکے، ہندوستان اور افریقہ میں ہیں، اور ہم عالمگیر مسئلہ کے طور پر ٹی بی سے نمٹنے کے لیے بین الاقوامی شرکاء کے ساتھ بھی کام کرتے ہیں۔ ہماری سرگرمیاں تین اہم میدانوں پر مرکوز ہیں:

- ٹی بی کے بارے میں عوامی اور پیشہ ورانہ واقفیت بڑھانا، اور علاج کے دوران مریضوں کو تعاون فراہم کرنا
- قانونی صحت کی خدمات، رضاکار تنظیموں اور ٹی بی سے متاثر لوگوں کو ایک ساتھ لاکر ٹی بی کی بہتر خدمات کا منصوبہ بنانا اور فراہم کرنا۔
- مریضوں کی نگہداشت اور ٹی بی کے تدارک اور کنٹرول کو بہتر بنانے کے لیے پالیسی بنانا اور وسائل کے لیے وکالت کرنا۔

یہ کام ہماری تنظیم کے اس مشن کا تعاون کرتا ہے جس کے تحت ہم ٹی بی سے متاثر تمام لوگوں کے لیے مؤثر علاج کی دستیابی کو بڑھانے کا کام کرتے ہیں۔

تپ دق کی تشخیص اور علاج کے تعلق سے اس کتابچہ میں دی گئی کسی بھی معلومات کا مقصد یہ ہے کہ صرف موضوع کے متعلق عام معلومات دی جائے۔ اس کا مقصد مریض کی نگہداشت میں معالجین، فرماسسٹ یا نگہداشت صحت کے دیگر پیشہ وروں کی جانکاری، تخصص، مہارت یا فیصلے کے لیے قائم مقام بننا نہیں ہے۔ اس کتابچہ میں شامل کسی معلومات کا مقصد یہ نہیں ہے کہ اسے تشخیص یا علاج سے متعلق فیصلوں کے لیے استعمال کیا جائے۔ تشخیص اور علاج سے متعلق سوالات اور تشویشات نگہداشت صحت کے پیشہ ور کو بھیجے جائیں۔

Revised 2013
design: **worksong**, london 020 8352 8300
ٹی بی الرٹ وہ کمپنی ہے جو گارنٹی کے ذریعہ محدود ہے اور انگلینڈ میں نمبر 3606528 کے تحت رجسٹرڈ ہے۔ رجسٹرڈ چیرٹی نمبر 1071886

اگر آپ یا آپ کے کسی عزیز کی تشخیص تپ دق (ٹی بی) کے ساتھ ہوئی ہے، تو فکر نہ کریں۔ ٹی بی قابل علاج ہے۔

آپ کو ٹی بی سے شفایاب ہونے کی ضمانت دینے کا واحد طریقہ یہ ہے کہ آپ مخصوص ادویات لیں اور ان کا استعمال اس وقت تک جاری رکھیں جب تک کہ آپ کا ڈاکٹر آپ کو بند کرنے کے لیے نہ کہہ دے۔ اس میں کم سے کم چھ ماہ لگیں گے، لیکن اس وقت آپ کو معلوم ہوجائے گا کہ آپ ٹی بی سے پاک ہیں۔

کسی دیگر دوا کی طرح، ٹی بی کی ادویات بھی ضمنی اثرات کا سبب بن سکتی ہیں۔ یہ کتابچہ اس لیے تیار کیا گیا ہے تاکہ آپ کو ٹی بی کا علاج کرنے کے لیے استعمال ہونے والی ادویات کے بارے میں مزید بتایا جائے۔

## اپنی ٹی بی کی ادویات کا استعمال شروع کرنے سے پہلے

اپنے ڈاکٹر کو مندرجہ ذیل کے بارے میں بتائیں:

- وہ تمام ادویات جنہیں آپ لے رہے ہیں، بشمول وہ دوا جسے آپ کیونٹی فارمیسی میں کاؤنٹر پر خریدتے ہیں
- کسی دیگر دوا کے لیے کوئی سابقہ الرجی
- کیا آپ کو کبھی کوئی جگر کی بیماری ہوئی ہے
- کیا آپ کو کبھی کوئی دیگر تشویشناک بیماری ہوئی ہے

ٹی بی کا علاج حمل کے دوران بے خوف و خطر لیا جاسکتا ہے۔ تاہم، یہ اہم ہے کہ آپ اپنے ڈاکٹر کو جانکاری دیں کہ کیا آپ حاملہ ہیں، آپ کو لگتا ہے کہ آپ حاملہ ہوسکتی ہیں یا آپ دودھ پلا رہی ہیں کیوں کہ وہ اس کے مطابق ان ادویات میں ترمیم کرنے کا منصوبہ بنا سکتے ہیں جنہیں وہ تجویز کرتے ہیں۔

## مجھے اپنی ٹی بی کی ٹیبلٹ کب لینی چاہیے؟

آپ کا ڈاکٹر یا نرس آپ کی ٹی بی کی ٹیبلٹ لینے کے لیے آپ کے لیے دن کے سب سے مناسب وقت پر آپ سے بات چیت کریں گے، لیکن ذیل میں مددگار رہنما اصول دیا جا رہا ہے:

| | ریفام پائسین | آئسونیازائڈ | پائرازینامائڈ | ایتھمبوٹول 400 میلیگرام 100 میلیگرام | ووریکٹو | ریفاٹیر | ریفیناہ 150 میلیگرام 300 میلیگرام |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خالی پیٹ میں بہترین جذب ہوتی ہے – آپ کے کھانا کھانے سے کم سے کم ایک گھنٹہ پہلے یا اس کے دو گھنٹے بعد لیں | ✓ | ✓ | | | ✓ | ✓ | ✓ |
| غذا کے ساتھ یا اس کے بغیر لی جاسکتی ہے | | | ✓ | ✓ | | | |
| بہت زیادہ عام طور پر تجربہ کردہ ضمنی اثرات | | | | | | | |
| پیٹ کی گڑبڑی جیسے متلی (بیمار محسوس کرنا)، قے اور دست | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |
| فلو جیسی علامات جیسے سردی، بخار، چکر اور جوڑ میں درد | ✓ | | ✓ | | ✓ | ✓ | ✓ |
| جلدی چکتے اور کھجلی | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |
| ماہواری کی گڑبڑی | ✓ | | | | ✓ | ✓ | ✓ |
| ہاتھ یا پیر کی انگلیوں میں چبھن اور جھنجھناہٹ کا احساس | | ✓ | | ✓ | ✓ | ✓ | ✓ |
| جسمانی رطوبت (پیشاب، لعاب دہن، منی، اندام نہانی کا سیال) نارنجی سرخ رنگ کی ہوسکتی ہے | ✓ | | | | ✓ | ✓ | ✓ |
| ہارمونی مانع حمل (منہ سے کھائی جانے والی گولی، امپلانٹ یا دیگر) کی تاثیر کم ہوجاتی ہے* | ✓ | | | | ✓ | ✓ | ✓ |

* ٹی بی کی ان ادویات کو لینے کے دوران خواتین کو منع حمل کے اضافی ذرائع استعمال کرنا چاہیے۔ اپنے ڈاکٹر یا نرس سے صلاح لیں۔

## اہم ضمنی اثرات

- ووریکٹو، ریفاٹیر، پائرازینامائڈ اور آئسونیازائڈ شاذ طور پر یرقان (جلد یا آنکھوں کا پیلا ہونا) کا سبب بن سکتی ہیں۔ اگر آپ کو اس کا مشاہدہ ہو تو، براہ کرم اپنی ٹی بی کی ادویات لینی بند کریں اور فوراً طبّی توجہ طلب کریں۔ ٹی بی کی یہ ادویات شروع کرنے سے پہلے آپ کا ڈاکٹر یا نرس آپ کے لیے جگر کے عمل کا ٹسٹ کرانے کا انتظام کریں گے اور علاج پر ہونے کے دوران آپ کی نگرانی کی جائے گی۔
- ووریکٹو، ایتھمبوٹول اور آئسونیازائڈ شاذ طور پر بار بار ہونے والے بصری خلل (دھندلے اور سرخ/ہرے رنگ کا خلل) کا سبب بن سکتی ہیں۔ اگر آپ کو اس کا مشاہدہ ہو تو، براہ کرم اپنی ٹی بی کی ادویات لینی بند کریں اور فوراً اپنے ڈاکٹر یا نرس کو اطلاع دیں۔ ٹی بی کی یہ ادویات شروع کرنے سے پہلے آپ کا ڈاکٹر یا نرس آپ کے لیے آنکھ کا ٹسٹ کرانے کا انتظام کریں گے۔